www.dailypakistanbulletin.pk

کراچی اور نہایت سے شائع ہونے والا مقبول اخبار

Daily Pakistan Bulletin Karachi

روزنامہ پاکستان بلیٹن کراچی

ABC Certified

چیف ایڈیٹر: سراج احمد

جلد نمبر 12 | پیر 21 ستمبر 2026ء بمطابق 08 ربیع الثانی 1448ھ | شمارہ 54 | قیمت 10 روپے

# ہنگو: سیکیورٹی فورسز کی کارروائی میں 8 دہشتگرد ہلاک، پاک فوج کے 6 اہلکار شہید

شہید ہونے والوں میں 23 سالہ کیپٹن ابوذر فاروق اور 22 سالہ لیفٹیننٹ شیراز بابر اور 4 جوان بھی شامل ہیں سیکیورٹی فورسز نے موثر کارروائی کرتے ہوئے بھارتی سرپرستی میں سرگرم فتنہ الخوارج کو ہلاک کردیا

بہادر جوانوں کی قربانیاں ملک کے دفاع اور قوم کی حفاظت کے عزم کو مزید مضبوط کرتی ہیں اور سیکیورٹی فورسز ملک کے تحفظ کے لیے ہر قیمت پر اپنا فرض ادا کرتی رہیں گی' آئی ایس پی آر

راولپنڈی (ویب ڈیک) خیبر پختون خوا کے ضلع ہنگو میں سیکیورٹی فورسز نے خوارج کے خلاف کارروائی کی اور اس دوران فائرنگ کے تبادلے میں 8 دہشت گردوں کو ہلاک کردیا گیا جبکہ پاک فوج کے دو افسران سمیت 6 جوان شہید ہوگئے۔ پاک فوج کے شعبہ تعلقات عامہ) آئی ایس پی آر) نے جاری بیان کے مطابق ہنگو میں 20 ستمبر کو سیکیورٹی فورسز کے قافلے اور خوارج کے درمیان فائرنگ کا تبادلہ ہوا اور سیکیورٹی فورسز نے موثر کارروائی کرتے ہوئے بھارتی سرپرستی میں سرگرم فتنہ الخوارج کو ہلاک کردیا گیا۔ بیان میں کہا گیا کہ سیکیورٹی // باقی صفحہ نمبر 3 ، بقیہ نمبر 1

لاہور: بانی پی ٹی آئی کی بہنیں نورین نیازی اور علیمہ خان میڈیا سے گفتگو کررہی ہیں

# حکومت کا بجلی کی خرید و فروخت سے دستبرداری کا اعلان

## کسی کو حق نہیں ہوگا کہ حکومت کی بجلی بیچ سکے اور نہ حکومت خرید سکے گی، وزیر توانائی

ملک میں بجلی پیدا کرنے والے اور استعمال کرنے والے آپس میں خود خرید و فروخت کریں گے، اس نظام کا اطلاق سب سے پہلے صنعتی یا بڑے صارفین پر ہوگا، نظام کو مزید شفاف بنانے سے صارفین کو کم قیمت بجلی میسر آسکے گی

عوام کو سستی بجلی کی فراہمی ترجیح ہے، آئندہ 5 سال میں 800 میگاواٹ بجلی کی نیلامی کی جائے گی، اس وقت پاکستان میں بجلی حکومت خریدتی ہے اور اپنے ترسیلی نظام کے ذریعے صارفین تک پہنچاتی ہے' وزیر توانائی اویس لغاری

اسلام آباد (ویب ڈیک) وفاقی وزیر توانائی اویس لغاری نے کہا ہے کہ حکومت بجلی کی خریداری سے عملی طور پر باہر ہو رہی ہے، کسی کو نہیں ہوگا کہ حکومت کو بجلی بیچ سکے اور نہ حکومت خرید سکے گی، ملک میں بجلی پیدا کرنے والے اور استعمال کرنے والے آپس میں خود خرید و فروخت کریں گے، اس نظام کا اطلاق سب سے پہلے صنعتی یا بڑے صارفین پر ہوگا، نظام کو مزید شفاف بنانے سے صارفین کو کم قیمت بجلی میسر آسکے گی، سستی بجلی کی فراہمی ترجیح ہے، آئندہ 5 سال میں 800 میگاواٹ بجلی کی نیلامی کی جائے گی۔ اٹارنی // باقی صفحہ نمبر 3 ، بقیہ نمبر 2

## بانی پی ٹی آئی کی بہن علیمہ خان کو حراست میں لے لیا، جیل منتقل

علیمہ خان کو نقص امن کے خدشے کے باعث قتری ایم پی او کے تحت حراست میں لیا گیا

لاہور (ویب ڈیک) پاکستان تحریک انصاف کے بانی عمران خان کی ہمشیرہ علیمہ خان کو لاہور سے 3 ایم پی او کے تحت حراست میں لے لیا گیا۔ ذرائع کے مطابق علیمہ خان کو نقص امن کے خدشے کے باعث قتری ایم پی او کے تحت لاہور شن روڈ پولیس نے حراست میں لیا۔ ذرائع کا کہنا ہے کہ علیمہ خان کی گاڑی شن روڈ اڈا تھانے میں کھڑی ہے جبکہ انہیں کوٹ لکھپت جیل منتقل کردیا گیا ہے۔ پاکستان تحریک انصاف کے ذرائع نے دعویٰ کیا ہے کہ بانی پی ٹی آئی کی بہن علیمہ خان کو قتری ایم پی او کے تحت حراست میں لے لیا گیا ہے اور انہیں کوٹ لکھپت جیل منتقل کردیا گیا // باقی صفحہ نمبر 3 ، بقیہ نمبر 3

## صدر اور وزیراعظم کا دہشتگردوں کیخلاف کارروائی پر فورسز کو خراج تحسین

اسلام آباد (ویب ڈیک) صدر مملکت آصف علی زرداری اور وزیراعظم شہباز شریف نے بلوچستان کے علاقے قلات میں دہشت گردوں کی جانب سے پاکستان بانی دے ہوئے شہریوں کی قتل و حرکت میں خلل ڈالنے کی کوشش ناکام بنانے پر سکیورٹی فورسز کو خراج تحسین پیش کرتے ہوئے کہا ہے کہ آپریشن عزم استحکام کے تحت // باقی صفحہ نمبر 3 ، بقیہ نمبر 5

## ہماری ذمہ داری ہے کوئی پرتشدد جتھہ اسلام آباد نہیں آئیگا، وزیر اطلاعات

سڑکوں کی بندش، آمدورفت میں خلل کے حوالے سے ہائی کورٹ کے واضح احکامات ہیں، جماعت اسلامی کے پرامن اور سمجھدار لوگ ہیں

پٹرولیم ریلیف سکیم ٹارگٹڈ سبسڈی ہے، تقریباً اڈھائی کروڑ موٹر سائیکلیں پاکستان میں رجسٹرڈ ہیں جو اس سکیم سے مستفید ہوں گے، عطاء اللہ تارڑ

اسلام آباد (ویب ڈیک) وفاقی وزیر اطلاعات و نشریات عطاء اللہ تارڑ نے کہا ہے کہ سڑکوں کی بندش، عوام کی آمدورفت میں خلل کے حوالے سے اسلام آباد ہائی کورٹ کے واضح احکامات ہیں، ہماری ذمہ داری ہے کہ کوئی پرتشدد جتھہ اسلام آباد نہیں آئے گا، جماعت اسلامی کے ساتھ ہمارا رابطہ ہے، جماعت اسلامی کے پرامن اور سمجھدار لوگ ہیں، قانون سب کے لیے یکساں ہے، فیول ریلیف سکیم کے حوالے سے وضاحت بھی آرہی ہے، انہیں عمل کیا جا رہا ہے، پٹرولیم ریلیف سکیم پر محدود سبسڈی ہے، تقریباً اڈھائی کروڑ موٹر سائیکلیں پاکستان میں رجسٹرڈ ہیں جو اس سکیم سے مستفید ہوں گے، عطاء اللہ تارڑ // باقی صفحہ نمبر 3 ، بقیہ نمبر 4

کراچی: وزیراعلیٰ سندھ سید مراد علی شاہ تعلیمی انفراسٹرکچر سے متعلق اجلاس کی صدارت کررہے ہیں

## رواں سال ڈاکوؤں کی فائرنگ سے جاں بحق افراد کی تعداد 54 ہوگئی

کراچی (اسٹاف رپورٹر) کراچی میں رواں سال ڈاکوں کی فائرنگ سے جاں بحق افراد کی مجموعی تعداد 54 ہوگئی ہے۔ دوسری جانب کراچی کے علاقے ڈیفنس کراچی میں ایک نقیب فٹبال ڈاکوں کی فائرنگ سے شدید زخمی ہونے والا شہری دوران علاج جاں بحق ہوگیا۔ پولیس کے مطابق ڈیفنس

Daily Pakistan Bulletin Karachi
روزنامہ پاکستان بلیٹن کراچی
ABC Certified
چیف ایڈیٹر: سراج احمد | شیئرنگ ایڈیٹر: کاشف مصطفیٰ

پبلشر محمد حنیف نے الآصف پرنٹنگ پریس اٹی آئی چندریگر روڈ سے چھپوا کر آفس نمبر 42 ٹمپر فلور، ویزڈم کرافٹ بلڈنگ، عبداللہ ہارون روڈ صدر کراچی سے شائع کیا۔
021-35210448 | 021-35210448
021-36450295
pakistanbulletinkarachi@gmail.com
pakbulletin.786@gmail.com
www.dailyPakistanbulletin.pk

## کفایت شعاری مہم کی منظوری، کیا حکومت واقعی سنجیدہ ہے؟

وزیراعظم محمد شہباز شریف نے مشرق وسطیٰ میں کشیدگی کی وجہ سے عالمی منڈی میں پٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں اضافے کے تناظر میں ملک بھر میں سادگی وکفایت شعاری مہم کی منظوری دے دی۔ یہ فیصلہ اسلام آباد میں وزیراعظم کی زیرصدارت منعقدہ کفایت شعاری اور توانائی کے تحفظ کے اقدامات پر اہم اجلاس میں کیا گیا جس میں وزیراعظم نے کہا کہ عالمی منڈی میں تیل کی قیمتوں میں اضافے سے پوری دنیا مہنگائی کی لپیٹ میں ہے، سب سے پہلے حکومت اور اشرافیہ سے قربانی کا آغاز کیا جائے گا۔ اجلاس میں حکومتی اخراجات میں کمی، ایندھن کے تحفظ اور سرکاری وسائل کے موثر استعمال کے لیے اضافی کفایت شعاری اقدامات کا جائزہ لیا گیا۔ سرکاری گاڑیوں کے لیے ایندھن میں تین ماہ کے لیے 50 فیصد کمی کے اقدام پر عمل درآمد کی منظوری دی گئی۔ ایمبولینس، فائر بریگیڈ، قانون نافذ کرنے والے اداروں اور ضروری خدمات کی گاڑیاں اس اقدام سے مستثنیٰ ہوں گی جبکہ انتظامی یا غیر آپریشنل نوعیت کی گاڑیوں کے لیے استثنیٰ کی اجازت نہیں ہوگی۔ تین ماہ کے لیے سرکاری دوروں اور بیرون ملک سفری سرگرمیوں پر بھی پابندی عائد کردی گئی۔ غاز نیر بیرون ملک دوروں کی صورت میں وزراء، مشیران، وزرائے مملکت، معاونین خصوصی اور سرکاری افسران اکانومی کلاس میں سفر کریں گے۔

اجلاس میں سرکاری امور کے لیے ویڈیو کانفرنس اور ٹیلی کانفرنس کے زیادہ سے زیادہ استعمال، سرکاری مشاہیں کے انعقاد پر پابندی، سوائے غیر ملکی وفود کے اعزاز میں ضروری عشائیوں اور حکومت کے زیر اہتمام سرکاری سیمینارز، تربیتی پروگراموں اور کانفرنسوں کے انعقاد میں غیر ضروری اخراجات سے گریز کرنے کی بھی منظوری دی گئی۔ وزیراعظم کو بتایا گیا کہ کفایت شعاری اور ایندھن کے تحفظ کے اقدامات کی گہرائی کے لیے قائم کمیٹی وزارتوں، ڈویژنز، محکموں، سرکاری اداروں اور صوبائی حکومتوں سے عمل درآمد رپورٹس حاصل کرے گی۔ عدم تعمیل اور رکاوٹوں کی نشاندہی کرکے اصلاحی اقدامات تجویز کرے گی اور وزیراعظم کو ہفتہ وار پیش رفت کی رپورٹ پیش کرے گی۔ وزیراعظم محمد شہباز شریف نے ہدایت کی کہ کفایت شعاری کے اقدامات پر بلاتاخیر عمل درآمد یقینی بنایا جائے اور حکومتی اخراجات میں کمی کے ساتھ ساتھ توانائی اور ایندھن کے تحفظ کے لیے تمام ممکنہ اقدامات بروئے کار لائے جائیں۔

## فاصلے مر گئے ہیں

بھی اخلاقیہ انسان کو تحفظ کا احساس دیتا تھا۔ یقیناً کسی دوسرے ملک میں ہوتی تو ہم تشنج پر اخلاقی رنگ کو فاصلہ اپنے اور مطمئن ہوجاتے کہ آگ بہت دور ہے۔ اب تشنج پر فاصلے باقی ہیں، زندگی میں نہیں۔ ریاض کی فضا میں خطرے کا سائرن بجتا ہے۔ تو اسلام آباد کی کوئی عمارت نہیں کانپتی۔ تشنج میں میزائل اڑتے ہیں تو لاہور کی سڑکوں پر دھماکے نہیں ہوتے۔ آبنائے ہرمز میں کشیدگی بڑھتی ہے تو کراچی کے گھروں کی کھڑکیاں سلامت رہتی ہیں۔ لیکن جدید دنیا میں جنگ ہمیشہ بارود بن کر سرحد پار نہیں گرتی۔ کبھی وہ پٹرول کی قیمت بن کر آتی ہے۔ کبھی بلی کے بل میں داخل ہوتی ہے۔ کبھی جہاز کا کرایہ بڑھاتی ہے۔ کبھی کارخانے کی پیداوار کی لاگت اور بجلی، پانی اور بچے کا بابت پول دیتی ہے اور کبھی ہزاروں میل دور بیٹھے کسی پاکستانی کی خیریت پوچھنے کے لیے رات گئے بجنے والا ایک فون بن جاتی ہے۔ یہی آج کی دنیا ہے۔

فاصلے مر گئے ہیں۔

ایک رات، کوئی دارالحکومت، ذرا اپنی وقت میں ہے۔ کبھی ہے۔ کہیں میزائل اور ڈرون فضا میں ہیں۔ کہیں فضائی دفاع متحرک ہے۔ کہیں بحری راستوں کی سلامتی خطرناک ہے۔ کہیں بحری راستوں کی سلامتی خطرناک ہے۔ کہیں بحری راستوں کی سلامتی خطرناک ہے۔ کہیں بحری راستوں کی سلامتی خطرناک ہے۔ یورپ کی سلامتی کا تصور بدل رکھا ہے۔ غزہ اور اس کے گرد پھیلا ہوا دائرہ انسانی اور سیاسی بحران عالمی ضمیر اور عالمی سفارت کاری دونوں کا امتحان بنا ہوا ہے۔ بڑی طاقتیں ایک دوسرے کو صرف فوجی میدان میں نہیں

بلکہ تجارت، ٹیکنالوجی، توانائی اور اثر ورسوخ کے میدان میں بھی شطرنج کھیل رہی ہیں۔

واشنگٹن اپنی ترجیحات رکھتا ہے۔

بیجنگ اپنی راہ بنا رہا ہے۔

ماسکو اپنی بقا کی جنگ اور اپنے مفادات کے ساتھ کھڑا ہے۔

تہران اپنے گرد بنتے دباؤ کو دیکھ رہا ہے۔

خلیجی دارالحکومت اپنی سلامتی اور معیشت دونوں بچانے کی فکر میں ہیں۔

اور ان سب کے درمیان اسلام آباد بھی ہے۔

فرق صرف یہ ہے کہ دنیا کی بساط پر نئی چالیں سوچ رہی ہے اور پاکستان کو بیرونی بساط کے ساتھ اپنے نظر میں بھی سیاسی بقا بھی سنبھالنا ہے۔

اسلام آباد کا ایٹا موم

اکرم چوہدری

## بین المذاہب ہم آہنگی اور پرامن بقائے باہمی وقت کی اہم ضرورت

دنیا میں پائیدار امن، ترقی اور خوشحالی کے لیے مختلف مذاہب، مسالک اور معاشرتی طبقات کے درمیان باہمی احترام، برداشت اور ہم آہنگی کا فروغ وقت کی اہم ضرورت ہے۔ وطن عزیز میں مختلف مذاہب سے تعلق رکھنے والے شہری ملک کی تعمیر و ترقی میں اپنا کردار ادا کر رہے ہیں۔ ملکی آئین بھی تمام شہریوں کے بنیادی حقوق کے تحفظ اور مذہبی آزادی کی ضمانت دیتا ہے۔ ایسے میں بین المذاہب ہم آہنگی کو فروغ دینا نہ صرف حکومتی ذمہ داری ہے بلکہ معاشرے کے ہر فرد، مذہبی رہنما، سیاسی نمائندے، دانشور، نوجوان اور سول سوسائٹی کی مشترکہ ذمہ داری بھی ہے۔ اسی تناظر میں چیئرمین سینیٹ سید یوسف رضا گیلانی نے مذہبی رہنماؤں، بین الاقوامی اور سول سوسائٹی کی تنظیموں کے نمائندوں پر مشتمل وفد کی ملاقات ایک اہم سیاسی رخت ہے۔ ملاقات میں بین المذاہب ہم آہنگی، پرامن بقائے باہمی، برداشت اور سماجی ٹھہراؤ کے فروغ پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا۔ یہ ملاقات اس بات کی عکاسی کرتی ہے کہ مذہبی برادریوں کے درمیان فاصلے کم اور باہمی اعتماد کو مضبوط کیا جا سکتا ہے۔ مختلف ممالک اور اداروں سے تعلق رکھنے والی شخصیات کی شرکت اس بات کا ثبوت ہے کہ مذہبی ہم آہنگی اور پرامن بقائے باہمی کو اب کسی ایک ملک یا معاشرے تک محدود نہیں بلکہ عالمی دنیا کے مشترکہ ضرورت ہے۔ چیئرمین سینیٹ سید یوسف رضا گیلانی نے اس موقع پر ایک جامع اور مضبوط معاشرے کے بنیادی تصور کو اجاگر کرتے ہوئے کہا کہ جب اس کے ہر فرد کو مساوی احترام، وقار اور مواقع میسر ہوں۔ ان کا کہنا تھا کہ تمام مذاہب سے تعلق رکھنے والے شہری ملکی ترقی میں اپنا اہم کردار ادا کر رہے ہیں، ملک کی ترقی صرف

محمود خان

معاشی اعداد و شمار سے نہیں جانی جا سکتی بلکہ اس کا انحصار سماجی اتحاد، سیاسی استحکام، قانون کی بالادستی اور شہریوں کے باہمی اعتماد پر بھی ہوتا ہے، اقلیتوں سمیت معاشرے کے تمام طبقات کو قومی دھارے میں شامل کرنا ایک مضبوط ریاست کی بنیادی ضرورت ہے۔ سید یوسف رضا گیلانی نے اپنے دور وزارت عظمیٰ کا حوالہ دیتے ہوئے اقلیتوں کے حقوق کے تحفظ کے لیے کیے گئے اقدامات کا بھی ذکر کیا۔ ان کے مطابق اقلیتوں کے شناختی کارڈ اور وزارت برائے بین المذاہب ہم آہنگی کا قیام اور سرکاری ملازمتوں میں کوٹہ سمیت مختلف عملی اقدامات کیے گئے۔ بلاور چیئرمین سینیٹ انہوں نے اقلیتوں کے مسائل کو موثر انداز میں اجاگر کرنے اور پارلیمانی عمل میں ان کی شرکت کو مزید مضبوط بنانے کے لیے سینیٹ میں مائنارٹی کاکس کے قیام کا بھی ذکر کیا۔ پارلیمان کسی بھی جمہوری معاشرے کی نمائندہ آواز ہوتی ہے۔ اس لیے پارلیمانی اداروں میں مختلف طبقات کی موثر نمائندگی نہ صرف جمہوریت کو مضبوط بناتی ہے بلکہ قانون سازی میں معاشرے کے تمام طبقات کے مسائل کو شامل کرنے کا موقع بھی فراہم کرتی ہے۔ اقلیتی برادریوں کے نمائندوں کو پارلیمانی عمل میں موثر آواز دینا قومی یکجہتی کے لیے بھی انتہائی اہم ہے۔ ملاقات کا ایک مقصد چیئرمین سینیٹ کو واشنگٹن میں منعقد ہونے والے ہیفیتھ پریئر بریک فاسٹ میں ڈاکٹر اب رابرٹس جونیئر نے انہیں آٹھ سو سال قدیم کے پہلے ہفتے میں واشنگٹن میں منعقد ہونے والے ہیفیتھ پریئر بریک فاسٹ میں شرکت کی دعوت دی، جسے چیئرمین سینیٹ نے قبول کیا۔ یہ دعوت پاکستان اور عالمی سطح پر مذہبی وسماجی محاذوں کے درمیان رواداری، امن، بھروسہ مضبوط بنانے کا ایک اہم موقع بن سکتی ہے۔ ایسے عالمی اجتماعات کا مقصد محض رسمی ملاقاتیں نہیں بلکہ مختلف مذاہب اور معاشروں سے تعلق رکھنے والے افراد کو ایک دوسرے کو سمجھنے، مشترکہ مسائل پر گفتگو کرنے اور امن و برداشت کے فروغ کے لیے مشترکہ سمت طے اختیار کرنے کا موقع فراہم کرتا بھی ہوتا ہے۔ مذہبی رہنما اگر اپنے اپنے معاشروں میں امن، برداشت اور احترام کا پیغام عام کریں تو انتہا پسندی، نفرت اور تعصب کے خاتمے میں نمایاں مدد مل سکتی ہے۔ چیئرمین سینیٹ نے بھی اس موقع پر اس امر پر زور دیا کہ مذہبی رہنماؤں، پارلیمنٹیرینز، سول سوسائٹی اور نوجوانوں کے باہمی تعاون سے مختلف برادریوں کے درمیان روابط مزید مضبوط کیے جا سکتے ہیں۔ ان کا کہنا تھا کہ عدم برداشت، تعصب اور امتیاز کا موثر مقابلہ مشترکہ کوششوں کے ذریعے ہی ممکن ہے۔ نوجوان اس حوالے سے خصوصی اہمیت رکھتے ہیں کیونکہ آج کی نوجوان نسل ہی مستقبل کے معاشرے کی تشکیل کرے گی۔

## پیٹرول ریلیف پروگرام

مشرق وسطیٰ میں جاری جنگ کے باعث عالمی سطح پر پٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں پیدا ہونے والے اتار چڑھاؤ اور عوام پر اس کے ممکنہ اثرات کو مدنظر رکھتے ہوئے حکومت پاکستان نے عوام کو ریلیف فراہم کرنے کے لیے ایک اہم اقدام کا اعلان کیا ہے۔ حکومت کی جانب سے شروع کیے گئے پیٹرول ریلیف پروگرام کے تحت مستحق شہریوں کو پیٹرول سود یہ فی لیٹر کم حساب سے فراہم کرنے کا اعلان کیا گیا ہے۔ اس اقدام کا بنیادی مقصد آمدنی اور اخراجات کے درمیان پیدا ہونے والے موٹر سائیکل، رکشہ اور دیگر چھوٹی گاڑیاں استعمال کرنے والے شہریوں کو بڑھتی ہوئی مہنگائی کے اثرات سے محفوظ رکھنا اور ریلیف دینا ہے۔ حکومت کی جانب سے جاری کردہ اشتہار کے مطابق پیٹرول سود یہ فی لیٹر کم حساب سے ریلیف پروگرام میں شامل افراد کو کوپن فراہم کیا جائے گا۔ اس مصنوعی کوپنوں کی ریلیف اور موجودہ مہنگائی حالات عام شہریوں کے لیے سہولت پیدا کرنے کی کوشش قرار دیا گیا ہے۔ خاص طور پر وہ افراد جو موٹر سائیکل یا چھوٹی گاڑی کے ذریعے روزگار کے سلسلے میں روزانہ سفر کرتے ہیں، ان کے لیے پیٹرول کے اخراجات میں کمی بڑا سہارا ثابت ہوسکتی ہے۔ اشتہار کے مطابق اس پروگرام کے لیے رجسٹریشن کا طریقہ بھی آسان رکھا گیا ہے۔ شہری اپنے شناختی کارڈ نمبر کے ذریعے رجسٹریشن کرا سکتے ہیں۔ اس مقصد کے لیے موبائل فون سے پیٹرول پمپ کا رابطہ کرنا ہوگا۔ رجسٹریشن کے دوران شناختی کارڈ نمبر اور مقاملہ گاڑی کی معلومات فراہم کی جائیں گی تاکہ اہل افراد کی تصدیق کے بعد ان کے لیے کوپن جاری کیے جا سکیں۔ حکومت کا مقصد یہ ہے کہ ریلیف صرف حقیقی اور اہل شہریوں تک پہنچے، عام آدمی کے لیے لفظ مستحکم ایک معاشی اصطلاح ہی رہتا ہے، جو پریشر ہٹاتا ہے۔

اور آخری ہی تک گاڑیوں کے مالکان کو اس پروگرام میں شامل کرنے کا اعلان کیا گیا ہے۔ اس سے اندازہ ہوتا ہے کہ پیٹرول ریلیف پروگرام کا مرکزی ہدف وہ شہری ہیں جن کا روزمرہ سفر اور روزگار چھوٹی گاڑیوں پر منحصر ہے۔ پاکستان میں بڑی تعداد میں شہری موٹر سائیکلوں، رکشوں اور چھوٹی گاڑیوں کو روزگار، کاروبار، دفاتر، دکانوں اور دیگر ضروری کاموں کے

## طارق جمیل

لیے استعمال کرتے ہیں، اس لیے پیٹرول کی قیمت میں کمی ان کے لیے خاص اہمیت رکھتی ہے۔ اشتہار میں بتایا گیا ہے کہ رجسٹریشن کے لیے شہری اپنا موبائل فون سے REG لکھ کر ایکسپیس اور اپنا اپنی شناختی کارڈ نمبر درج کرے 9771 پر، اس اس ایم ایس کریں۔ اس کے بعد متعلقہ ڈیلر کارڈ کے ذریعے گاڑی کی رجسٹریشن اور دیگر ضروری معلومات فراہم کرتا ہوں گی۔ رجسٹریشن کے بعد اہل افراد کو ریلیف سے متعلق معلومات موبائل پیغام کے ذریعے فراہم کی جائیں گی۔ پیٹرول ریلیف حاصل کرنے کے طریقہ کار میں گاڑی کی رجسٹریشن بھی اہم مرحلہ ہے۔ شہریوں کو اپنی گاڑی کا رجسٹریشن نمبر اور متعلقہ معلومات فراہم کرنا ہوں گی۔ حکومتی نظام کے ذریعے فراہم کردہ معلومات کی تصدیق کے بعد اہل شہریوں کو پیٹرول ریلیف دیا جائے گا۔ اس عمل کا مقصد یہ بتایا گیا ہے کہ حکومتی سہولت حقیقی اور اہل افراد تک پہنچے اور اس پروگرام کا غلط استعمال نہ ہو۔ اشتہار میں رجسٹریشن کی آخری تاریخ 30 ستمبر 2026ء درج کی گئی ہے۔ اس لیے جو شہری اس پروگرام کے اہل ہیں، انہیں مقررہ مدت کے اندر اپنی رجسٹریشن مکمل کرنی چاہیے۔ رجسٹریشن کے بعد حکومتی نظام کے ذریعے تصدیق اور دیگر ضروری

## سندھ بھر سے

## سندھ ترقی پسند پارٹی کا تحریک کے پہلے مرحلے میں سندھ میری ماں رابطہ مہم کا آغاز

### ڈاکٹر قادر مگسی کا قافلہ کی صورت میں حیدرآباد سے جھرک، سونڈا، علی، بحرار اور چھوٹو پہنچنے پر شاندار استقبال کیا گیا

ڈاکٹر قادر مگسی کا قافلہ کی صورت میں حیدرآباد سے جھرک، سونڈا، علی، بحرار اور چھوٹو پہنچنے پر شاندار استقبال کیا گیا

سندھ ترقی پسند پارٹی (نیشن) سندھ ترقی پسند پارٹی کی جانب سے سندھ کی وحدت کی بقا کے لیے تحریک کے پہلے مرحلے میں سندھ میری ماں رابطہ مہم کا آغاز خطبہ کے ذریعہ کیا۔ سندھ ترقی پسند پارٹی کے سربراہ ڈاکٹر قادر مگسی جب قافلے کی صورت میں حیدرآباد سے جھرک، سونڈا، علی، بحرار اور چھوٹو پہنچے تو اہل شاہ استقبال کیا گیا، جہاں انہوں نے مختلف کارنر اجتماعات سے بھی خطاب کیا۔ ڈاکٹر قادر مگسی جب

آئی ٹی اے نیسٹ پاس امیدواروں کا حیدرآباد پریس کلب پر تقریری خطوط کے لیے احتجاج

## محراب پور: صحافی مسلح افراد کے حملے میں بیٹے سمیت زخمی

محراب پور (نمائندہ پاکستان بلیٹن) صحافی مسلح افراد کے حملے میں بیٹے سمیت زخمی ہوگئے۔ حملہ آور اپنے ساتھ ایک ہوائی فائر بھی کر گئے۔ ذرائع کے مطابق محراب پور کے علاقہ گاؤں ارادھگی کے قریب مسلح افراد کے حملے میں زخمی ہوئے، انہوں کو اسپتال منتقل کردیا۔ مسلح نقاب پوش نے حملہ آور کو فرار ہوگئے۔ پولیس کیمپ

**1**

فرمبر اور دہشت گردوں کے درمیان فائرنگ کے تبادلے کے دوران صوفی الفوارج کے 18 دہشتگردوں کو ہلاک کرنے کا دعویٰ کیا گیا ہے دہشت گردوں کا تعلق کالعدم تحریک طالبان پاکستان سے ہے، ذرائع کے مطابق ٹی ٹی پی کے امیر مفتی ابو ہاشم خراسانی کی ہدایت پر کالعدم تحریک طالبان پاکستان کے 23 دہشتگرد ٹھل تحصیل شیراز اور بھٹی خیل کے علاقوں میں پہنچے، کارروائی میں 4 دہشتگرد ہلاک ہوئے ہیں، ہلاک ہونے والے دہشتگرد ڈاکٹر حسن سمیت 4 ہلاکتوں میں سے 3 کا تعلق پنجاب سے ہے، ہلاک ہونے والے دہشتگرد کا تعلق پنجاب کے ضلع بہاولنگر سے ہے،

## نوجوان نسل کو فحشیات سے بچانا اجتماعی ذمہ داری ہے، دردانہ ارشد

رٹری کلب آف میر پورخاص کے زیر اہتمام ڈسٹرکٹ فری سندھ مہم کے تحت آگاہی تقریب کا انعقاد

میرپورخاص ( رپورٹ ) روٹری کلب آف میرپورخاص کے زیر اہتمام "فحشیات سے پاک سندھ، فحشیات سے پاک میرپورخاص " سے دیئن کے تحت فحشیات کے خلاف آگاہی پروگرام کا انعقاد کیا گیا۔ آگاہی پروگرام پبک اسکول برغیر گھوٹکی تالپور میں منعقد ہوا۔ اس موقع پر 37 ، بقیہ نمبر 3

## ملازمین کے واجبات کی ادائیگی میں تاخیر، محتسب اعلیٰ کا نوٹس

ریٹیکل آفس میر پورخاص نے نوٹس لیتے ہوئے ضلعی ایکشن افسر سے رپورٹ طلب کرلی ہے

میرپورخاص (رپورٹ) ریٹائرڈ ملازمین کے واجبات کی ادائیگی میں تاخیر بمحسب اعلیٰ سندھ کا نوٹس ضلعی ایکشن افسر سے رپورٹ طلب کرلی تفصیلات کے مطابق تعلیم میرپورخاص کے ریٹائرڈ افسران اور ملازمین کی پنشن، گریجویٹی، لیو انکیش اور دیگر

## تحریک کا مقصد عوام کو غصب شدہ حقوق کی بحالی ہے، حافظ نعیم الرحمٰن

امیر جماعت اسلامی پاکستان حافظ نعیم الرحمان نے حیدرآباد ریلوے اسٹیشن پر کارکنان اور عوام کے پرجوش استقبال پر شکریہ ادا کرتے ہوئے واضح کیا کہ یہ جماعت اسلامی کی

حیدرآباد (رپورٹ) امیر جماعت اسلامی پاکستان حافظ نعیم الرحمان نے حیدرآباد ریلوے اسٹیشن پر کارکنان اور عوام کے پرجوش استقبال پر شکریہ ادا کرتے ہوئے واضح کیا کہ یہ جماعت اسلامی کی جاری تحریک کا مقصد کسی ذاتی یا پارٹی ایجنڈے کی تکمیل نہیں بلکہ عوام کے غصب شدہ حقوق کی بحالی ہے۔ انہوں نے اعلان کیا کہ اسلام آباد مارچ منزل نہیں بلکہ اصل منزل ہے ، بقیہ نمبر 3

## سندھ کے وزراء عوام کے درمیان نظر نہیں آرہے، راجہ خلیق الزمان

انہیں عوامی مسائل کے حل کے لیے مریم نواز کی طرح عملی اقدامات کرنا ہوں گے، میڈیا سے گفتگو

دادو (رپورٹر) وفاقی حکومت کے ترجمان راجہ خلیق الزمان نے کہا ہے کہ سندھ حکومت کی جانب سے عوامی مسائل حل نہ کیے جانے کے باعث صوبے بھر میں ایک دوسروں کی باتیں ہو رہی ہیں۔ انہوں نے کہا کہ سندھ کے وزراء عوام کے درمیان نظر آ رہے ہیں ، بقیہ نمبر 4

## میر پورخاص میں ایم ڈی کیٹ ٹیسٹ 2093 امیدواروں کی شرکت

میر پورخاص پولیس کی جانب سے سیکیورٹی کے سخت انتظامات کیے گئے تھے

میرپورخاص (رپورٹر) میر پورخاص میں ایم ڈی کیٹ ٹیسٹ، 2093 امیدواروں کی شرکت، سیکیورٹی کے سخت انتظامات کیے گئے ، تفصیلات کے مطابق میر پورخاص سندھ سیکنڈ سروس سندھ (STS) کے زیر اہتمام دیگر ڈویژنز کی طرح میر پورخاص ڈویژن کے امیدواروں کے لیے ایم ڈی کیٹ ٹیسٹ کا انعقاد کیا گیا۔ میر پورخاص میں میر پور جیل، 2093 مقرر خواتین امیدواروں نے ٹیسٹ میں شرکت کی امتحان کے موقع پر میر پورخاص پولیس کی جانب سے سیکیورٹی کے سخت انتظامات کیے گئے ، بقیہ نمبر 4

## جونیئر ذوالفقار علی بھٹو کی قیادت میں شہداء کی مزار پر حاضری

میر مرتضیٰ بھٹو، شہید ذوالفقار علی بھٹو، شہید شاہنواز بھٹو کے مزار پر فاتحہ خوانی کی

لاڑکانہ ( یوررپورٹ ) پاکستان پیپلز پارٹی شہید بھٹو کے رہنماؤں نے جونیئر ذوالفقار علی بھٹو کی قیادت میں شہید میر مرتضیٰ بھٹو اور محترمہ کے مزار پر حاضری دی اور فاتحہ خوانی کی۔ اس سلسلے میں کراچی روڈ شہید میر مرتضیٰ بھٹو کی 30 ویں برسی کے موقع پر پی پی پی کے مرکزی و صوبائی رہنماؤں مجید سیال، رحیم بخش کھوسہ، منیر احمد بروہی، غلام حیدر ڈیجو، غلام حیدر جتوئی، شہزاد بھٹو، شہید کے مزاروں پر حاضری دی اور فاتحہ خوانی کی۔

## اولڈ ٹاؤن خدمت کمیٹی کے جنرل سیکرٹری فرحان میمن کی نکاح کی تقریب

صدر عبدالقادر نوراني سمیت اسماعیل برکاتی، شاہد ڈوب یعقوب اور عمران بلخی نے شرکت کی

کراچی (اسٹاف رپورٹر) اولڈ ٹاؤن خدمت کمیٹی کے جنرل سیکرٹری فرحان میمن کی نکاح کی تقریب نیو میمن مسجد پلازہ مارکیٹ میں منعقد کی گئی ، جس میں اولڈ ٹاؤن خدمت کمیٹی کے صدر عبدالقادر نورانی سمیت اسماعیل برکاتی، شاہد ڈوب یعقوب اور عمران بلخی نے شرکت کی اور فرحان میمن کو بہت دعاں سے نوازا۔ اس موقع پر منیر اکبر چوہدری، سید قرقان پاشا، عظیم ہاشمی، ہاجا بلوچ کے ساتھ سیاسی اور سماجی شخصیات کے فرمائندے بھی موجود تھے اور فرحان میمن کو شادی کی مبارک مبارک پر بہت سی دعاؤں سے نوازا

## حیسکو چیف ایگزیکٹو آفیسر فیض اللہ ڈاہری کا جج سر کالونی کا دورہ

کالونی کے رہائشیوں سے ملاقات کی اور بجلی کی فراہمی سمیت دیگر مسائل کے حوالے سے تفصیلی گفتگو کی

حیدرآباد (یوررپورٹ) حیسکو چیف ایگزیکٹو آفیسر جناب فیض اللہ ڈاہری نے جج کالونی کا دورہ کیا، جہاں انہوں نے کالونی کے رہائشیوں سے ملاقات کی اور بجلی کی فراہمی سمیت دیگر مسائل کے حوالے سے تفصیلی گفتگو کی۔ ملاقات کے دوران حیسکو چیف ایگزیکٹو آفیسر جناب فیض اللہ ڈاہری نے جج کالونی کے رہائشیوں کو تکنیکی بریفنگ دیتے ہوئے جج سر کالونی کو لوڈشیڈنگ سے مستثنیٰ قرار دینے کا اعلان کیا۔ انہوں نے کہا کہ صارفین کو بجلی کی بہتر، مستحکم اور باقاعدہ فراہمی کے لیے مکمل انتظامات کیے جا رہے ہیں۔ حیسکو کی ترجیحات میں شامل ہے، بجلی چوری کے مسائل کے حل کے لیے عملی اقدامات کیے جا رہے ہیں۔ حیسکو چیف نے اس موقع پر کہا کہ بجلی کے نظام میں بہتری اور صارفین کو معیاری سہولیات کی فراہمی کے لیے تمام دستیاب وسائل بروئے کار لائے جا رہے ہیں۔ انہوں نے جج کالونی کے رہائشیوں کو یقین دلایا کہ بجلی کی فراہمی سے متعلق مسائل کے حل کے لیے حیسکو انتظامیہ ہر ممکن تعاون جاری رکھے گی۔ اس موقع پر انہوں نے کہا کہ صارفین کو بجلی کی باقاعدہ فراہمی

# ایم ڈی کیٹ 8 مرتبہ سوشل میڈیا پر جاری کرنیکی کوشش ناکام

## 2 طالبات کی گرمی سے طبیعت خراب

## پی سی IBA سکھر بھی بیہوش

سیاٹیسٹنگ سروس نے سوشل میڈیا پر گردش کرنیوالے مبینہ پرچے کو جعلی قرار دیتے ہوئے امیدواروں کو غیر مصدقہ مواد پر اعتماد نہ کرنے کی ہدایت کی

این ای ڈی یونیورسٹی کے امتحانی مرکز میں پنکھے خراب ہونے کی اطلاعات، مسلسل کام اور نیند پوری نہ ہونے سے ڈاکٹر آصف شیخ بیہوش ہو کر نشست سے گر گئے

کراچی (ویب ڈیسک) ایم ڈی کیٹ 2026 کے دوران سوشل میڈیا پر جعلی پرچہ جاری کرنے کی تقریباً 8 کوششیں ناکام بنا دی گئیں۔ آئی پی اے کے ڈائریکٹر جنرل ڈاکٹر آصف مرتضیٰ کوشش کی گئی، تاہم تمام کوششیں ناکام بنا دی گئیں۔ آئی پی اے کے ڈائریکٹر جنرل ڈاکٹر آصف شیخ نے مطابق مسلسل کام اور نیند پوری نہ ہونے کے باعث سکھر کے IBA میں ڈاکٹر آصف شیخ بیہوش ہو کر نشست سے گر گئے ، بقیہ نمبر 43

## کوہسار میں میٹرٹیکس اکیڈمی کا باقاعدہ افتتاح

حیدرآباد (یوررپورٹر) کوہسار میں جدید تعلیمی اور تکنیکی ضروریات سے ہم آہنگ میٹرٹیکس اکیڈمی (The MetriTex Academy) کا باقاعدہ افتتاح کردیا گیا۔ افتتاحی تقریب کے مہمان خصوصی میجر جنرل نجیب اللہ ڈاہری تھے، جنہوں نے رن کاٹ کر اکیڈمی کا افتتاح کیا۔ میٹرٹیکس اکیڈمی میں آئی ٹی کنکٹیویٹی، فارمیسی ایجوکیشن، ویب ڈیولپمنٹ، وردپریس ڈیولپمنٹ، گرافک ڈیزائننگ اور اور ایسے لیول کوچنگ سیٹ مختلف جدید تکنیکی کورسز کرائے جائیں گے اکیڈمی کے بانیان میں محمد شارق حواجی، محمد طلحہ شاہ اور عبدالرحمٰن شاہ ہیں، جنہوں نے ، بقیہ نمبر 45

## کشمیر شور کے عوام دشمنی پر مبنی اقدامات قابل مذمت ہیں ایم کیو ایم

عوام دوست ترقیاتی منصوبوں سے خائف، حیدرآباد کا شدید شور وغوغا کیوں ہے

حیدرآباد (یوررپورٹ) حقوقِ عوام موومنٹ پاکستان حیدرآباد ڈویژن کے ترجمان نیاز پیچ بیان میں لطیف آباد یونٹ نمبر 219 کے جنرل سیکرٹری قومی اسمبلی پروفیسر انجینئر عبدالعلیم خانزادہ کے ترقیاتی فنڈز سے ہاؤل اخبار اسپتال کے میدان پورے روڈ کی تعمیر، تقریر مینٹر پارک کے میٹر حیدرآباد کا شدید شور وغوغا کیوں ہے ، بقیہ نمبر 44

## کراچی میں قومی خیر پور کھجور فیسٹیول کا انعقاد

افتتاح سندھ حکومت کے ایگریکلچر اینڈ فیشریز اینڈ بورڈز کے صوبائی وزیر محمد اسماعیل راہو نے کیا

کراچی (پ ر) سندھ بارٹیکر کمیشن اور جامعہ سندھ جاسٹورد کے مشترکہ تعاون سے پرل کانٹی نینٹل ایم پی ایچ (ہوٹل کراچی میں قومی خیر پور کھجور فیسٹیول منعقد کیا گیا، جس کا افتتاح سندھ حکومت کے ایگریکلچر اینڈ فیشریز اینڈ بورڈز کے صوبائی وزیر محمد اسماعیل راہو نے کیا۔ تقریب کا ، بقیہ نمبر 47

## داد کے بچے میں دو گروپوں میں تصادم، ایک شخص جاں بحق، لواحقین کا دھرنا

دادو (یوررپورٹر) دادو کے علاقے موندر میں دو مسلح گروپوں میں خونی تصادم سے جاں بحق شخص محمد حسین شاہانی کا مقدمہ درج نہ ہونے پر لواحقین نے لاش موندر تھانے سامنے رکھ کر احتجاج کیا متعلق کے لواحقین بھائی امتیاز اور دیگر نے موندر تھانہ پولیس پر مقدمہ درج نہ کرنے کا الزام عائد کیا ہے گزشتہ روز مسلح گروپوں کی جانب سے رکھیت لاچو اور جدید اسلحے سے فائرنگ ایک شخص جاں بحق، خواتین سمیت 3 راہگیر زخمی ہوئے تھے فریقین کے ماری ، بقیہ نمبر 48

## کمشنر حیدرآباد ڈویژن فیاض حسین عباسی کا امتحانی مراکز کا دورہ

سکیورٹی، طلبہ کو ضروری سہولیات کی فراہمی، امتحان کے بلا رکاوٹ انعقاد پر خصوصی توجہ دی جارہی ہے

حیدرآباد (یوررپورٹ) کمشنر حیدرآباد ڈویژن میں لطیف آباد میں قائم انجینئرنگ کالج سکول حیدرآباد اور سندھ کالج ایجوکیشن ٹیسٹ 2026 (MDCAT) کے امتحانی مراکز کا دورہ کیا۔ انہوں نے امتحانی مراکز پر بلا رکاوٹ انعقاد پر خصوصی توجہ دی جارہی ہے۔ MDCAT سے میڈیکل اور ڈینٹل شعبوں میں داخلے کے خواہشمند ، بقیہ نمبر 49

## پاکستان زندہ باد موومنٹ ضلع قمر کی جانب سے تنظیمی سرگرمیاں جاری

قمر (یوررپورٹ) پاکستان زندہ باد موومنٹ ضلع قمر شہدادکوٹ کی جانب سے تنظیمی ڈھانچے کو مزید فعال اور مضبوط بنانے کے لیے رکنیت سازی اور تنظیمی سرگرمیوں کا سلسلہ جاری ہے۔ اس سلسلے میں جوانوں، بزرگوں اور جاوید علی بھٹو کو پاکستان زندہ باد موومنٹ کے تنظیم مہر تھیں کیا گیا۔ اس موقع پر پاکستان زندہ باد موومنٹ ضلع قمر شہدادکوٹ کے چیئرمین ذوالفین قریشی، سینئر وائس چیئرمین اخلاق احمد جاٹوہ، وائس چیئرمین عبدالقادر سانگا، جنرل سیکرٹری خالد انعام جاٹوہ سمیت ضلعی و تعلقہ عہدیداران اظہر جاٹوہ، پیر علی شیخ، اجمل شیخ، فہیم حسین، میر محمد بیوہ، شمین علی ٹنگر، علی اوڈ حاصلو بکھن خان شادی سیت دیگر ساتھیوں نے شرکت کی۔ تقریب سے خطاب کرتے ہوئے ضلعی چیئرمین ذوالفین ، بقیہ نمبر 52

## شان سہگل کی ریلوے کمرشل آفیسر جہاں بابر سے ملاقات

حیدرآباد ریلوے اسٹیشن پر متعلقہ حیبر کی جانب سے پیش کیے گئے تفصیلی ایجنڈے پر جزباتہ خیال کیا

حیدرآباد (یوررپورٹ) حیدرآباد ڈویژن آف اسمال ریفرز اینڈ اسمال انٹرپرائز سٹیمر خدمات سہگل کے پاکستان ریلوے کمرشل آفیسر میڈم جہاں بابر نے کراچی دفتر میں ملاقات کی، حیدرآباد ریلوے اسٹیشن سے متعلق حیبر کی جانب سے پیش کیے گئے تفصیلی ایجنڈے پر جزباتہ خیال کیا۔ ملاقات میں حیدرآباد ریلوے اسٹیشن پر کارگو آف لوڈنگ کے سہولت، بہتر ویٹنگ لائج کمرشل ڈوائنا، پارکنگ کو ڈھانچا تر کرنے، تاجروں کے لیکھوں کی ترتیبی ، بقیہ نمبر 51

## جھڈو پولیس کی جانب سے کارروائیاں، منشیات کی فروخت تھم نہ سکی

جھڈو (یوررپورٹر) پولیس کی جانب سے منشیات کے روک تھام اور جرائم کے سدباب کے لیے مختلف علاقوں میں کارروائیاں کی جارہی ہیں، تاہم اس کے باوجود سینٹھیٹک شراب اور دیگر منشیات کی سپلائی و فروخت کا سلسلہ مکمل طور پر ختم نہ سکا۔ شہریوں کا کہنا ہے کہ پولیس کی کارروائیوں کے باوجود بھی حیدرآباد، میرپور خاص اور منشیات کی سرگرمیوں میں مصروف ہیں۔ شہریوں نے مطالبہ کیا ہے کہ ، بقیہ نمبر 54

## حیدرآباد محبت، پیار اور مہمان نوازی کا شہر ہے، ڈاکٹر شام سندر

مختلف مذاہب سے تعلق رکھنے والے لوگ ایک جان کے پھول ہیں، رنگ مختلف ہو سکتے ہیں لیکن خوشبو ایک ہے

حیدرآباد (یوررپورٹر) حیدرآباد ڈویژن کے سوہنوں، ہندوؤں اور اقلیتی امور اور سندھ کے معاون خصوصی برائے اقلیتی امور اور سوہنوں، ہندوؤں اور اقلیتی امور اور کاری کاروباری برادری کو درپیش کاروباری مسائل اور اخراجات سمیت مختلف امور زیر بحث آئے۔ میڈم حسنہ نے تیسری ، ڈوڈ اسٹار ہوٹل ملانی ہوٹل نیند کے درجے دیے جاتے ہیں تاہم حیدرآباد حیبر سے وابستہ ، بقیہ نمبر 55

## سکیورٹی فورسز کی قلات میں کارروائی، 5 دہشتگرد ہلاک، 23 مغوی بازیاب

دہشتگردوں کے ٹھکانے سے 6 ٹرک، 3 بسیں اور 2 کاریں، بڑی تعداد میں اسلحہ، گولہ بارود اور دھماکا خیز مواد بھی قبضے میں لے لیا گیا

دہشت گردوں نے اغوا، بھتہ خوری اور گاڑیاں چھیننے کیلئے چیک پوسٹ قائم کر رکھی تھی، عوامی آمدورفت میں خلل ڈالنے کی کوشش ناکام

رابیلوڈی (ویب ڈیسک) سکیورٹی فورسز نے قلات کے قریب کارروائی میں 5 دہشتگرد ہلاک ہو گئے۔ آئی ایس پی آر کے مطابق قلات کے قریب ایس 25 پر دہشتگردوں کی عوامی آمدورفت میں خلل ڈالنے کی کوشش ناکام بنا دی گئی، سکیورٹی فورسز نے بروقت کارروائی کرتے ہوئے 5 دہشتگردوں کو ہلاک کر دیا، ہلاک دہشتگردوں کے ٹھکانے سے 23 مغوی بحفاظت بازیاب ، بقیہ نمبر 57

## ایس ایس پی حیدرآباد شاہزیب چاچڑ کے احکامات پر کارروائیاں

حیدرآباد (یوررپورٹر) ایس ایس پی حیدرآباد شاہزیب چاچڑ کے احکامات پر منشیات فروشوں اور دیگر جرائم میں ملوث عناصر کے خلاف پولیس کی کارروائیاں جاری ایس ایس پی حیدرآباد شاہزیب چاچڑ کے احکامات پر حیدرآباد پولیس کی جانب سے منشیات فروشوں اور جرائم میں ملوث عناصر کے خلاف بھرپور کریک ڈاؤن جاری ہے۔ گزشتہ کے دوران حیدرآباد پولیس نے منشیات کے خلاف 148 مقدمات درج کرتے ہوئے منشیات کی خرید و فروخت اور سپلائی میں ملوث 191 ملزمان اور مجموعی طور پر 322 ملزمان کو گرفتار کیا۔

## ڈاکٹر عیسیٰ لیمارٹری کورنگی برانچ کی جانب سے پولیو آگاہی واک

ڈپٹی کمشنر ضلع کورنگی مسعود بھٹو کی پولیو آگاہی واک میں خصوصی شرکت

کراچی (اسٹاف رپورٹر) ڈاکٹر عیسیٰ لیمارٹری کورنگی برانچ کے زیر اہتمام پولیو سے بچاؤ اور عوامی آگاہی کے فروغ کے لیے پولیو آگاہی واک کے عنوان سے ایک خصوصی آگاہی پروگرام کا انعقاد کیا گیا۔ اس پروگرام میں سرکاری اسکولوں کے بچوں، پولیو ڈسٹرکٹ ٹیم اور دیگر شرکا سمیت تقریباً 200 افراد نے شرکت کی۔ اس پروگرام میں پولیو سے بچاؤ اور حفاظتی اقدامات کے حوالے سے آگاہی فراہم کی گئی۔ پروگرام کا آغاز ڈاکٹر عیسیٰ لیمارٹری کورنگی برانچ سے کیا گیا، جہاں شرکا نے پولیو کے خاتمے اور بچوں کی صحت کے تحفظ کے عزم کا اظہار کیا۔ ڈاکٹر عیسیٰ لیمارٹری کورنگی برانچ کی ، بقیہ نمبر 60

## حیدرآباد تعلیمی بورڈ نے انٹرمیڈیٹ کے نتائج کا اعلان کردیا

دونوں گروپس میں ٹاپ پوزیشن حاصل کرنے والے امیدواروں کے نام بھی جاری کر دیئے گئے

حیدرآباد (یوررپورٹر) حیدرآباد تعلیمی بورڈ نے انٹرمیڈیٹ سال دوم (ہائر سیکنڈری) پارٹ 2 کے پی ایچ ٹی کے نتائج کا اعلان کر دیا ہے۔ کراچی انٹرنگ اور کیمبرج سائنس گروپس کے سالانہ امتحانات 2026 کے نتائج کا اعلان کر دیا گیا ہے۔ گروپس کے نام بھی جاری کر دیئے گئے ہیں۔ پری انجینئرنگ گروپ میں گورنمنٹ بوائز ہائر سیکنڈری سکول نمبر 2 ، بقیہ نمبر 58

## جامنوار علی: مزدور نوجوان پر اسرار طور پر جاں بحق، ورثا کا قتل کا شبہ

سکھر (یوررپورٹر) جام نوشہرو فواں ڈاد قاضی کے حدود میں مزدوری کے کام پر کام کرنے والا کھیں ابراہیم خانگیلی کا رہائشی 35 سالہ نوجوان مراد علی ابراہیم خانگیلی پراسرار طور پر جاں بحق ہوگیا اطلاع ملنے پر پولیس موقع پر پہنچ گئی اور لاش پوسٹ مارٹم کے لیے تعلقہ اسپتال جام نوشہرو منتقل کی۔ تاہم اسپتال میں ڈاکٹر موجود نہ ہونے کے باعث پوسٹ مارٹم نہ ہوسکا لاش کو تعلقہ اسپتال منتقل کیا گیا جہاں پوسٹ مارٹم اور ضروری قانونی کارروائی کی گئی اس سلسلے میں متوفی کے بھائی خان محمد خانگیلی نے الزام عائد کیا ہے کہ ، بقیہ نمبر 46

## شکارپور: کانسٹیبل کے قاتلوں کی عدم گرفتاری پر جرجان برادری کا احتجاج

شکارپور (ڈسٹرکٹ رپورٹر) چند روز قبل قتل ہونے والے پولیس کانسٹیبل عاشق جرجان کے قاتلوں کی عدم گرفتاری کے خلاف بے جرجان برادری کے مردو خواتین کی بڑی تعداد نے گھنٹہ گھر چوک پر احتجاجی مظاہرہ کیا۔ مظاہرین نے سڑکوں پر کاٹھیں لکڑی کرکے راستے بند کردیے اور پولیس کے خلاف شدید نعرے بازی کی، جس کے باعث شکارپور کے دیہی اور شہری علاقوں میں ٹریفک جام ہوگیا اور شاہراہوں پر گاڑیوں کی طویل قطاریں لگ گئیں۔ مظاہرین کا مطالبہ تھا کہ قاتلوں کو جلد از جلد گرفتار کیا جائے ، بقیہ نمبر 50

## بچوں کے اغوا، زیادتی اور قتل کے واقعات کیخلاف فنکشنل لیگ کا احتجاجی مظاہرہ،

سردار عبدالرحیم نے چیف جسٹس سے مقدمہ بچوں کے قتل اور زیادتی کے واقعات پر سوموٹو نوٹس لینے کا مطالبہ کردیا

کراچی (اسٹاف رپورٹر) کراچی میں معصوم بچوں اور بچیوں کے اغوا، زیادتی اور قتل کے بڑھتے ہوئے واقعات کے خلاف پاکستان مسلم لیگ فنکشنل کراچی ڈویژن کے زیر اہتمام لفٹن ٹنل کے پاس احتجاجی مظاہرہ کیا گیا، جس میں فنکشنل لیگ کے کارکنان، خواتین، وکلا، صحافیوں، متاثرہ خاندانوں اور سول سوسائٹی کے نمائندگان نے بڑی تعداد میں شرکت کی۔ مظاہرین ، بقیہ نمبر 30

## سندھ تھیٹر فیسٹیول 2026۔ سکھر کا شاندار افتتاح

سندھ کے مختلف شہروں میں تھیٹر فیسٹیولز کا انعقاد خوش آئند ہے، ڈاکٹر ایوب شیخ

سکھر (یوررپورٹر) آرٹس کونسل آف پاکستان کراچی اور سکھر آرٹس کونسل کے مشترکہ تعاون سے سندھ تھیٹر فیسٹیول 2026۔ سکھر کا شاندار افتتاح کردیا گیا۔ افتتاحی تقریب میں آرٹس کونسل آف پاکستان کراچی کی لوک ورثہ کیلئے چیئرمین ڈاکٹر ایوب شیخ اور ، بقیہ نمبر 31

## ڈیرولال مندر میں 70 کے وی اے سولر سسٹم کی تنصیب مکمل

ڈاکٹر شام سندر آڈوانی نے منصوبے کا باقاعدہ افتتاح کردیا، سندھ حکومت کے اقدامات جاری

ٹنڈو الہ یار (نامہ نگار) ڈیرولال مندر میں 70 کے وی اے سولر سسٹم کی تنصیب مکمل، ڈاکٹر شام سندر آڈوانی نے منصوبے کا باقاعدہ افتتاح کردیا۔ محکمہ انجینئرنگ امور سندھ کی جانب سے ڈیرولال مندر میں سولر سسٹم کی فراہمی و تنصیب مکمل، ڈاکٹر شام سندر آڈوانی کو منصوبے کے معیار اور تکنیکی امور کے تحت ہر ممکن معیار پر یقینی بنانے کی ہدایت کی۔ منصوبے کے معیار اور تکنیکی امور کے تحت ہر ممکن معیار پر یقینی بنانے کی ہدایت کرتے ہوئے کہا کہ ، بقیہ نمبر 32

## ٹرین مارچ کا ریلوے اسٹیشن ٹنڈو آدم پر فقید المثال استقبال

ریلوے اسٹیشن حافظ حافظ کے نعروں سے گونج اٹھا، قائدین پر پھولوں کی پتیاں نچھاور کی گئیں

سانگھڑ (یوررپورٹر) امیر جماعت اسلامی پاکستان حافظ نعیم الرحمٰن کی قیادت میں پیٹرولیم لیوی، بھتہ خوری، ٹیکسز، مہنگائی اور عوام پر بوجھ ہوئے معاشی بوجھ کے خلاف کراچی سے اسلام آباد روانہ ہونے والے ٹرین مارچ کا ٹنڈو آدم ریلوے اسٹیشن پہنچنے پر ہزاروں مرد وخواتین نے فقید المثال اور والہانہ استقبال کیا گیا۔ جماعت اسلامی کے رہنماؤں کا استقبال کیا گیا۔ جماعت اسلامی کے رہنماؤں حافظ نعیم الرحمٰن، مرد وخواتین کارکنان سمیت ہزاروں مرد وخواتین نے ریلوے اسٹیشن پہنچنے پر پھولوں کی برسا دی اور عوام پر مشتمل ہوئے معاشی بوجھ کے خلاف کراچی سے اسلام آباد روانہ ہونے والے ٹرین مارچ کا ٹنڈو آدم ریلوے اسٹیشن پہنچنے پر ہزاروں مرد وخواتین نے فقید المثال اور والہانہ